**نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت**
**نوٹس بمتعلق اقداماتِ رازداری**

اطلاق شدہ 20 جولائی، 2021

یہ نوٹس بیان کرتا ہے کہ آپ سے متعلقہ طبی معلومات کو کس طرح استعمال اور کسی پر ظاہر کیا جا سکتا ہے اور کس طرح آپ ان معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔ براہِ مہربانی اس کو بغور پڑھیں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو کلینک ڈائریکٹر یا سہولت گاہ کے/کی ہیلتھ سروسز مینیجر سے رابطہ کریں۔ آپ نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) کے/کی چیف پرائیویسی آفیسر سے بھی 347-396-6007 پر یا **PrivacyOfficer@health.nyc.gov** پر رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

صحت کی محفوظ شدہ معلومات (protected health information, PHI) کسی فرد کی صحت کے متعلق وہ معلومات ہیں جن کو زبانی، لکھ کر یا برقی ذرائع سے دوسروں سے بانٹا جاتا ہے۔ اس میں شامل ہیں عام معلومات (جیسے آپ کی عمر، پتہ اور ای میل) اور آپ کی جسمانی یا ذہنی صحت کے متعلق معلومات۔PHI میں آپ کو دی گئی خدمات اور ان خدمات کی ادائیگی کے متعلق معلومات بھی شامل ہوتی ہیں۔NYC محکمہ صحت تمام متعلقہ قوانین، ضوابط اور قواعد پر عمل پیرا رہ کر PHI کی رازداری کا تحفظ کرتا ہے۔

یہ نوٹس آپ کو ہیلتھ انشورنس پورٹیبیلیٹی اینڈ اکاؤنٹیبیلیٹی ایکٹ آف 1996 ( Health Insurance Portability and Accountability Act of 1996, HIPAA) کے ایک حصے کے طور پر فراہم کیا گیا ہے۔ یہ نوٹس معین کرتا ہے کہ NYC محکمہ صحت آپ کی PHI کو کس طرح استعمال اور ظاہر کر سکتا (یا دوسروں سے بانٹ سکتا) ہے اور اس کا تحفظ کس طرح کیا جاتا ہے۔ یہ نوٹس آپ کے حقوق اور آپ کی PHI کا استعمال کرتے اور دوسروں سے بانٹتے وقت NYC محکمہ صحت کی ذمہ داریوں کو بھی بیان کرتا ہے۔

**یہ نوٹس کس کے لیے ہے**
NYC محکمہ صحت کو HIPAA کے تحت ایک "ہائبریڈ اینٹیٹی" (مخلوط ہستی) سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ نگہداشت صحت کی خدمات اور عوامی صحت کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ نگہداشت صحت کی خدمات HIPAA کے تحت آتی ہیں، لیکن عوامی صحت کی خدمات نہیں۔

اس نوٹس کا اطلاق HIPAA کے احاطے میں آنے والی نگہداشت صحت کی خدمات پر ہوتا ہے۔ اس نوٹس میں دی گئی ذمہ داریاں NYC محکمہ صحت کے عملے کے ان تمام ارکان کے لیے ہیں جن کو آپ کی PHI کو استعمال کرنے یا بانٹنے کی اجازت ہے۔

**NYC محکمہ صحت کی ذمہ داریاں**
قانونی تقاضے کے تحت NYC محکمہ صحت کے کلینیکس کو یہ کرنا ہوتا ہے کہ:
- آپ کی PHI کو خفیہ اور محفوظ رکھیں
- آپ کی PHI استعمال کرتے اور دوسروں سے بانٹتے وقت کی ہماری قانونی ذمہ داریوں اور رازداری کے اقدامات سے آپ کو آگاہ کریں

**رازداری کے قوانین**
کئی وفاقی، ریاستی اور شہری رازداری کے قوانین میں PHI کا استعمال کرنے اور دوسروں سے بانٹنے کے متعلق مزید پابندیاں ہیں۔ ان قوانین کا اطلاق مادے کے غلط استعمال کے علاج، HIV/AIDS کی ٹیسٹنگ اور علاج، جنسی لحاظ سے منتقل شدہ انفیکشن کی ٹیسٹنگ اور علاج اور ذہنی صحت کے علاج پر ہوتا ہے۔NYC محکمہ صحت کی پالیسیز اور یہ نوٹس ان قوانین پر عمل کرتے ہیں۔

**NYC محکمہ صحت کس طرح آپ کی PHI کا استعمال کر سکتا ہے اور اس کو دوسروں کے ساتھ بانٹ سکتا ہے**

**کس وقت NYC محکمہ صحت کو آپ کی PHI لازمی طور پر بانٹنا ہوتی ہے**

قانونی تقاضے کے تحت، NYC محکمہ صحت کے لیے لازم ہے کہ آپ کی PHI آپ کے ساتھ بانٹے ماسوائے کہ نگہداشت صحت کا ایک پیشہ ورانہ ماہر یہ کہے کہ ایسا کرنا آپ کی صحت کے لیے نقصان دہ ہو گا۔

درخواست کیا جانے پر، NYC محکمہ صحت کو لازمی طور پر آپ کی PHI کو امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات کے/کی سیکرٹری کے ساتھ بھی ان تحقیقات کے دوران بانٹنا ہو گا جو اس بارے میں ہوں کہ ہم آپ کی PHI کو تحفظ فراہم کرنے والے قوانین پر کس طرح عمل کرتے ہیں۔

**علاج**

NYC محکمہ صحت آپ کی PHI، بشمول نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ کی تجاویز، کو آپ کو درکار علاج اور خدمات فراہم کرنے کے لیے استعمال کر سکتا یا بانٹ سکتا ہے۔

**ادائیگی**

آپ کی PHI کو آپ کو فراہم کیے گئے علاج اور خدمات کا بل جاری کرنے اور ادائیگی وصول کرنے کے لیے حسبِ ضرورت استعمال کیا جائے گا۔NYC محکمہ صحت آپ کے علاج کے متعلق معلومات آپ کے صحت بیمہ منصوبے کے ادارے (بشمول Medicaid) یا منظم نگہداشت کے کسی ادارے کے ساتھ، ادائیگی کی منظوری لینے کے لیے بانٹ سکتا ہے۔

**نگہداشت صحت کی سرگرمیاں**

NYC محکمہ صحت آپ کی PHI کو نگہداشت صحت کی معمول کی سرگرمیوں کے لیے استعمال کر سکتا اور بانٹ سکتا ہے۔ نگہداشت صحت کا عملہ آپ کی PHI کو جو نگہداشت آپ نے لی اور آپ کی نگہداشت صحت کے نتائج کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کرے گا تاکہ اس کا دوسروں کے ساتھ موازنہ کیا جا سکے۔ مثال کے طور پر، آپ کیPHI کو تربیت، خطرے کی انتظام کاری یا جو نگہداشت اور خدمات ہم فراہم کرتے ہیں ان کے معیار اور مؤثر ہونے میں بہتری لانے میں مدد دینے کے لیے زیرِ نظر لایا جا سکتا ہے۔

NYC محکمہ صحت آپ کی PHI کو کاروباری طور پر منسوب ان ثالث فریقین کے ساتھ بانٹ سکتا ہے جو اس ایجنسی کے لیے خدمات، جیسے بل جاری کرنا، بجا لاتے ہیں۔ کاروباری طور پر منسوب فریقین سے بھی درکار ہو گا کہ آپ کی PHI کا تحفظ کریں۔

NYC محکمہ صحت کسی ذاتی معلومات کو حذف کر سکتا ہے تاکہ آپ کی PHI کو آپ کی شناخت ظاہر کیے بغیر نگہداشت صحت اور خدمات کا مطالعہ کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکے۔

**اپوائنٹمنٹ کی یاد دہانی**

NYC محکمہ صحت آپ کی PHI کو اپوائنٹمنٹ کی یاد دہانی ارسال کرنے کے لیے استعمال کر اور بانٹ سکتا ہے۔ یہ یاد دہانیاں نگہداشت صحت کے لیے آپ کی آمد کا مقصد ظاہر نہیں کریں گی۔

**وفاقی، ریاستی اور شہری تقاضے**

کسی وفاقی، ریاستی یا شہری قانون، ضابطے یا قاعدے کے تحت درکار ہو تو NYC محکمہ صحت آپ کی PHI بانٹے گا۔

**عوامی صحت کی سرگرمیاں**

NYC محکمہ صحت آپ کی PHI عوامی صحت کی کسی بھی ایسی ایجنسی کے ساتھ بانٹ سکتا ہے جو کہ عوامی صحت کی نگرانی کے لیے **یا** مرض، چوٹ یا معذوری پر قابو پانے کے لیے PHI حاصل کرنے کی قانونی طور پر اہل ہو۔ اس میں مرض، پیدائش یا موت کی رپورٹیں شامل ہیں۔

**بچوں کے ساتھ بد سلوکی**

NYC محکمہ صحت آپ کی PHI گورنمنٹ کے کسی بھی ایسے بااختیار ادارے یا فرد کے ساتھ بانٹ سکتا ہے جو بچوں کے ساتھ بد سلوکی کی رپورٹیں قانونی طور پر وصول کر سکتے ہوں۔

**صحت کی نگرانی**

NYC محکمہ صحت آپ کی PHI کو صحت کی نگرانی کی کسی بھی ایجنسی کے ساتھ نگہداشت صحت کے نظام، حکومتی سہولیات کے پروگراموں، حکومت کے دیگر ریگولیٹری پروگراموں اور شہری حقوق کے قوانین کی نگرانی کرنے والی قانونی

سرگرمیوں (جیسے آڈٹ، تحقیقات، معائنہ جات اور لائسنس جاری کرنا) کے لیے بانٹ سکتا ہے۔

**فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA)**

NYC محکمہ صحت آپ کی PHI کسی بھی ایسے فرد یا کمپنی سے بانٹ سکتا ہے جن سے FDA کی جانب سے یہ کچھ کرنا درکار کیا گیا ہو:

- مصنوعات کے نقائص، منفی ردِ عملوں یا مسائل کی رپورٹ
- مصنوعات میں بائیولوجیکل تبدیلیوں کی رپورٹ
- مصنوعات کی نگرانی
- مصنوعات واپس لینا
- مرمت یا تبدیل کر کے دینا
- مارکیٹ میں لانے کے بعد نگرانی کرنا

**قانونی کاروائی**

NYC محکمہ صحت آپ کی PHI کسی عدالتی یا انتظامی حکم نامے کے جواب میں بانٹ سکتا ہے اگر آپ کسی قانونی مقدمے یا دیگر قانونی جھگڑے میں ملوث ہوں۔ ہم آپ کی PHI کسی عدالتی بلاوے، دریافت کی درخواست یا قضیے میں شامل کسی دیگر فرد کی جانب سے کیے گئے کسی اور قانونی عمل کے جواب میں صرف اس وقت بانٹ سکتے ہیں جب کہ اس درخواست کے متعلق آپ سے رابطہ کیا جا چکا ہو۔

**قانون نافذ کرنے والے**

قانون نافذ کرنے والے افسران کے کہنے پر NYC محکمہ صحت آپ کی PHI بانٹ سکتا ہے:

- کسی عدالتی حکم، عدالتی بلاوے، وارنٹ، سمن یا ایسی ہی کسی کاروائی کے جواب میں
- کسی مشتبہ، مفرور، گواہ یا گمشدہ فرد کی شناخت یا تلاش کرنے کے لیے
- کسی جرم کا سامنا کرنے والے کسی فرد کے متعلق جاننے کے لیے اگر ہم اس فرد کی رضامندی حاصل نا کر پا رہے ہوں
- کسی ایسی موت کے متعلق جاننے کے لیے جس کے بارے میں ہمارا ماننا ہو کہ شاید کسی جرم کے باعث واقع ہوئی
- کسی ایسے جرم کے متعلق جاننے کے لیے جو ہمارے کلینکس میں سے کسی میں واقع ہوا
- کسی ہنگامی صورتحال میں، کسی جرم کی رپورٹ کرنے یا جاننے کے لیے کہ:
  - ایک جرم کہاں واقع ہوا یا جن لوگوں کو ایک جرم کا سامنا ہوا ان کو کہاں تلاش کیا جا سکتا ہے
  - ایک جرم کا ارتکاب کس نے کیا یا ان کو کہاں پر تلاش کیا جا سکتا ہے

**کورونرز، فیونرل ڈائریکٹرز اور اعضاء کا عطیہ کیا جانا**

NYC محکمہ صحت کسی فوت شدہ فرد کی شناخت کرنے یا یہ جاننے کے لیے کہ کسی فرد کی موت کیسے واقع ہوئی، کسی کورونر یا طبی معائنہ کنندہ سے PHI بانٹ سکتا ہے۔ ہم فیونرل ڈائریکٹرز کا کام کرنے میں ان کی معاونت کے لیے بھی ان پر PHI ظاہر کر سکتے ہیں، جیسے قانون اجازت دے۔PHI اعضاء کا عطیہ کرنے کے لیے بھی استعمال کی اور بانٹی جا سکتی ہے۔

**تحقیق**

کچھ مواقع پر، NYC محکمہ صحت تحقیق کرنے کے لیے آپ کی PHI استعمال کر سکتا اور بانٹ سکتا ہے۔ اس تحقیق کا پہلے NYC محکمہ صحت کے انسٹیٹیوشنل ریویو بورڈ سے منظور ہونا اور تمام متعلقہ قوانین، ضوابط اور قواعد پر عمل کرنا لازمی ہے۔

**والدین کی رسائی**

کچھ ریاستی قوانین وضاحت کرتے ہیں کہ PHI میں سے کیا کچھ والدین اور قانونی سرپرستوں کے ساتھ بانٹا جا سکتا ہے۔ NYC محکمہ صحت تمام متعلقہ قوانین پر عمل کرے گا۔

**کارکنان کی اجرت**

NYC محکمہ صحت کارکنان کی اجرت کے کسی قانون یا اس قسم کے پروگرام جو کام سے متعلقہ چوٹوں اور امراض پر فوائد فراہم کرتے ہیں، پر عمل کرنے کے لیے آپ کی PHI بانٹ سکتا ہے۔

**مجرمانہ سرگرمی**

کچھ وفاقی اور ریاستی قوانین کے تحت، NYC محکمہ صحت آپ کی PHI اس وقت بانٹ سکتا ہے جب ہم محسوس کریں کہ اس کا استعمال کرنا یا بانٹا جانا عوام یا کسی فرد کی صحت یا حفاظت کو لاحق کسی شدید اور واضح خطرے کو ٹال دے گا یا کم کر دے گا۔ ہم اس وقت بھی آپ کی PHI ظاہر کر سکتے ہیں جب کسی کو شناخت کرنے یا حراست میں لینے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد کرنے کے لیے لازم ہو۔

**<u>جیل میں قید افراد</u>**
NYC محکمہ صحت جیل میں قید افراد کی PHI ان کے اصلاحی ادارے یا اس کے عملے کے ساتھ بانٹ سکتا ہے اگر ان کی اور دوسروں کی صحت اور حفاظت کے لیے درکار ہو۔

**<u>ملٹری کی سرگرمی اور سابق فوجی</u>**
اگر آپ مسلح افواج کے رکن ہیں تو NYC محکمہ صحت آپ کی PHI ملٹری کمانڈ کے بااختیار اداروں کے مطالبے کے مطابق بانٹ سکتا ہے۔ ہم ملٹری کے بیرونِ ملک افراد کے متعلق PHI غیر ملک کی ملٹری کے متعلقہ بااختیار اداروں کے ساتھ بھی بانٹ سکتے ہیں۔

**<u>قومی سلامتی اور سراغ رساں ادارے</u>**
جیسے قانون اجازت دے، NYC محکمہ صحت آپ کی PHI مجاز وفاقی افسران کے ساتھ سراغ رسانی کے لیے، سراغ رسانی کے خلاف اور قومی سلامتی کی دیگر سرگرمیوں کے لیے بانٹ سکتا ہے۔ ہم آپ کی PHI وفاقی افسران کے ساتھ اس لیے بھی بانٹ سکتے ہیں تاکہ وہ خاص تحقیقات بجا لا سکیں یا صدر، دیگر مجاز افراد یا غیر ممالک کے سربراہانِ مملکت کا تحفظ کر سکیں۔

**<u>آپ کی نگہداشتِ صحت میں شامل افراد</u>**
جب تک آپ نے اس کو نامنظور نہ کیا ہو، NYC محکمہ آپ کے خاندان کے کسی فرد یا آپ کے ذاتی نمائندے کے علم میں لانے کے لیے کہ آپ کہاں ہیں اور آپ کی صحت کی صورتحال کیا ہے، آپ کی PHI استعمال کر سکتا یا بانٹ سکتا ہے۔ اگر آپ موجود ہوں تو آپ اپنی PHI کے اس قسم کے استعمال یا بانٹے جانے کی اجازت دینے سے انکار کے قابل ہوں گے۔ اگر آپ فیصلہ نہ کر پا رہے ہوں یا کسی ہنگامی صورتحال میں ہوں تو اگر ہم محسوس کریں کہ ایسا کرنا آپ کے حق میں بہترین ہے تو ہم آپ کی PHI بانٹ سکتے ہیں ۔

**<u>اپنی PHI کے حوالے سے آپ کے حقوق</u>**
اگرچہ آپ کی صحت کا ریکارڈ NYC محکمہ صحت کی ملکیت ہے، جو معلومات ہیں وہ آپ کی ہیں۔ آپ کی PHI کے حوالے سے آپ کے حقوق درجِ ذیل ہیں۔ آپ کلینک ڈائریکٹر، ہیلتھ سروسز مینیجر یا ان کے نامزد نمائندے کو لکھ کر مندرجہ ذیل میں سے کوئی سی بھی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔

**دیکھنے اور نقل بنانے کا حق:** آپ کی PHI کو ایک "ڈیزیگنیٹڈ ریکارڈ سیٹ" (designated record set) میں رکھا جاتا ہے اور اس کا استعمال آپ کی نگہداشت صحت کے متعلق فیصلے کرنے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ ڈیزیگنیٹڈ ریکارڈ سیٹ میں عام طور پر طبی اور بلوں سے متعلق ریکارڈ شامل ہوتے ہیں۔ جتنے عرصے تک NYC محکمہ صحت ان معلومات کو رکھے، آپ کو ان معلومات کو دیکھنے اور وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔ یہ حق ان پر لاگو نہیں ہوتا:

- نفسیاتی علاج کے متعلق نوٹ
- کسی دیوانی، فوجداری یا انتظامی اقدام یا کاروائی میں استعمال یا ممکنہ استعمال کے لیے مرتب کی گئی معلومات
- جس PHI تک رسائی پر قانونی پابندی ہے

کچھ مخصوص حالات میں NYC محکمہ صحت آپ کی اپنی صحت کی معلومات دیکھنے یا وصول کرنے کی درخواست کو رد کر سکتا ہے۔ اگر آپ کو اپنی صحت کی معلومات تک رسائی دینے سے انکار کیا جائے تو آپ اس انکار پر نظرِ ثانی کی درخواست کرنے کے لیے چیف پرائیویسی افسر سے رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

**ترمیم کی درخواست کا حق:** اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے متعلق صحت کی جو معلومات ہمارے پاس ہیں وہ غلط یا نامکمل ہیں تو آپ ہم سے ان معلومات میں ترمیم (تبدیلی یا اضافہ کرنے) کا کہہ سکتے ہیں۔ جتنے عرصے تک NYC محکمہ صحت آپ کی صحت کی معلومات کو رکھے، آپ کو ترمیم کی درخواست کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کی درخواست تحریری طور پر نہیں ہے یا اس میں ایک درست وجہ موجود نہیں ہے تو NYC محکمہ صحت اس کو رد کر سکتا ہے۔ مزید، ہم آپ کی درخواست کو اس صورت میں بھی رد کر سکتے ہیں جب آپ ہم سے ان معلومات میں ترمیم کا کہیں جو کہ:

- NYC محکمہ صحت نے تیار نہیں کی، ماسوائے کہ جس شخص یا ادارے نے یہ معلومات تیار کی تھیں وہ یہ ترمیم نہ کر

سکتے ہوں
- ان معلومات کا حصہ نہیں ہے جو NYC محکمہ صحت نے یا ان کے لیے رکھی گئی ہوں
- ان معلومات کا حصہ نہیں ہے جن کو دیکھنے اور وصول کرنے کی آپ کو اجازت ہے
- درست اور مکمل ہیں

**کسی خلاف ورزی کا نوٹس ملنے کا حق:** اگر آپ کی معلومات کی رازداری یا حفاظت کسی طرح متاثر ہوئی ہو تو NYC محکمہ صحت لازمی طور پر آپ کو جلدی سے مطلع کرے گا۔

**اکاؤنٹنگ آف ڈسکلویژرز کا حق:** اکاؤنٹنگ آف ڈسکلویژرز ان افراد اور اداروں کی فہرست ہوتی ہے جن کے ساتھ ہم نے آپ کی PHI بانٹی ہوں۔ اس فہرست میں وہ ڈسکلویژرز (عیاں کرنا) شامل نہیں جو کہ اس نوٹس میں بیان کردہ علاج، ادائیگی اور نگہداشت صحت کے مقاصد کے لیے کیے گیے ہوں یا دیگر مخصوص ڈسکلویژرز (جیسے وہ جن کے کرنے کا آپ نے ہم سے کہا ہو)۔ آپ کو PHI کے اُن ڈسکلویژرز کے اکاؤنٹنگ آف ڈسکلویژرز کا حق حاصل ہے جو آپ کی درخواست کی تاریخ سے چھ سال پہلے تک کیے گئے ہوں۔

**پابندیوں کی درخواست کا حق:** آپ کو حق حاصل ہے کہ ہم آپ کے علاج، ادائیگی یا نگہداشت صحت کے مقاصد کے لیے آپ سے متعلق جو PHI استعمال کرتے یا بانٹتے ہیں اس پر پابندی (یا حد) مقرر کرنے کی درخواست کریں۔ آپ کو اس PHI پر حد مقرر کرنے کی درخواست کا حق بھی حاصل ہے جو ہم آپ کے متعلق کسی ایسے فرد کے ساتھ بانٹتے ہیں جو آپ کی نگہداشت صحت میں یا آپ کی نگہداشت صحت کی ادائیگی کے عمل میں شامل ہو۔ ہمارے لیے آپ کی درخواست سے متفق ہونا لازم نہیں۔

اگر آپ اپنی ذاتی رقم سے کسی خدمت یا نگہداشت صحت کی شے کی مکمل ادائیگی کرتے ہیں تو آپ ہم سے کہہ سکتے ہیں کہ آپ کی معلومات کو آپ کے صحت بیمہ فراہم کنندہ کے ساتھ ادائیگی یا نگہداشت صحت کے مقاصد کے لیے نہ بانٹا جائے۔ ہم آپ کی بات کو مانیں گے ماسوائے کہ اس معلومات کو بانٹا جانا قانونی کے تحت درکار ہو۔

**خفیہ رابطہ کیے جانے کی درخواست کا حق:** آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ ہم آپ کی رازداری کے تحفظ کے لیے آپ سے متبادل ذرائع استعمال کر کے یا کسی متبادل مقام پر رابطہ کریں۔ مثال کے طور پر آپ ہم سے درخواست کر سکتے ہیں کہ ہم آپ سے آپ کے دفتری پتے پر یا ڈاک کے ذریعے رابطہ کریں۔ آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہم آپ کو معلومات پوسٹ کارڈ کے بجائے ڈاک میں ایک بند لفافے میں ارسال کریں۔

اگر آپ پسند کریں کہ ہم آپ سے خفیہ طور پر رابطہ کریں تو کلینک ڈائریکٹر یا ان کے/کی نامزد شدہ نمائندے کو ایک تحریری درخواست بھیجیں۔ آپ کی درخواست میں یہ لازمی طور پر بتایا جانا چاہیے کہ آپ کس طرح یا کہاں پر رابطہ کیا جانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ ایک سے زائد کلینک پر خدمات حاصل کرتے ہیں تو آپ کو ہر کسی کے لیے علیحدہ درخواست دینا ہو گا۔

**کسی کو اپنی جگہ معاملات چلانے کے لیے منتخب کرنے کا حق:** اگر آپ نے کسی کو طبی معاملات کے لیے مختار نامہ (کسی کو یہ اختیار ہونا کہ اگر آپ اپنی صحت کے فیصلے کرنے کے قابل نہیں تو وہ آپ کی جگہ پر یہ فیصلے کریں) جاری کیا ہوا ہے یا اگر کوئی آپ کے قانونی سرپرست ہیں، تو وہ آپ کی جگہ پر آپ کی PHI کے متعلق فیصلے کر سکتے ہیں۔

**اس نوٹس کی نقل وصول کرنے کا حق:** آپ کسی بھی وقت اس نوٹس کی ایک کاغذی نقل کی درخواست کر سکتے ہیں۔ کلینک ڈائریکٹر، ہیلتھ سروسز مینیجر یا چیف پرائیویسی افسر سے 347-396-6007 پر رابطہ کریں۔

**PHI کے استعمال کا اجازت نامہ**

HIPAA ہم سے درکار کرتا ہے کہ ان مقاصد کے لیے آپ کی PHI استعمال کرنے یا بانٹنے کے لیے آپ کی تحریری اجازت حاصل کریں:
- مارکیٹنگ کے مقاصد
- آپ کی معلومات کی فروخت (NYC محکمہ صحت کی پالیسی ہے کہ آپ کی معلومات کو فروخت **نہ** کیا جائے)
- نفسیاتی علاج (Psychotherapy) کے متعلق نوٹ ظاہر کیے جانے کے بیشتر مواقع

جن وجوہات کا احاطہ یہ نوٹس یا ہم پر لاگو ہونے والے قوانین نہیں کرتے، ان کے لیے آپ کی PHI استعمال کرنے یا بانٹنے کے لیے NYC محکمہ صحت آپ کی تحریری اجازت کی درخواست کرے گا۔ اگر آپ ہم کو اپنی PHI استعمال کرنے یا بانٹنے کی اجازت دیتے ہیں تو آپ کسی بھی وقت اس اجازت کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ منسوخ کرتے ہیں تو NYC محکمہ

صحت اس کے بعد سے آپ کے تحریری اجازت نامے میں لکھے گئے مقاصد کے لیے آپ کی PHI کو استعمال نہیں کرے گا یا بانٹے گا نہیں۔ ہم ان ڈسکلویژرز کو واپس لینے کے قابل نہیں جو ہم پہلے ہی جاری کر چکے اور ان کو برقرار رکھنا ہم سے درکار ہے۔

**اس نوٹس میں تبدیلیاں**
ہم اپنی رازداری کے طریقہ کار اور اس نوٹس کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ ہم اس نوٹس میں کسی تبدیلیوں کو کسی ایسی PHI پر بھی لاگو کر سکتے ہیں جو آپ کے متعلق ہمارے پاس پہلے سے موجود ہیں اور ان معلومات پر بھی جو ہمیں مستقبل میں موصول ہوں۔

ہم اپنے موجودہ نوٹس کی ایک نقل اپنے تمام کلینکس پر آویزاں کریں گے۔ تاریخ اطلاق (جس پر وہ نوٹس استعمال ہونا شروع ہوا) نوٹس کے پہلے صفحے کے بالائی حصے پر وسط میں اور آخری صفحے کے دائیں نچلے حصے پر درج کی جائے گی۔ مزید، موجودہ نوٹس کی ایک نقل ہر اس موقع پر آپ کو فراہم کی جائے گی جب اس میں کوئی نئی تبدیلی کی جائے گی۔ آپ کسی بھی وقت **nyc.gov/health** پر جاکر اور **"HIPAA"** کی تلاش کر کے بھی ہمارے نوٹس کی ایک نقل کی درخواست کر سکتے اور ہمارے تازہ ترین نوٹس کو دیکھ سکتے ہیں۔

**شکایات**
اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ کی رازداری کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو آپ امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات کے/کی سیکریٹری یا NYC محکمہ صحت کے/کی چیف پرائیویسی آفیسر کو نیچے دیے گئے پتے پر ایک تحریری درخواست بھیج سکتے ہیں۔ شکایت بھیجنے پر کوئی جرمانہ نہیں ہے:

- اپنی شکایت ای میل میں **PrivacyOfficer@health.nyc.gov** پر بھیجیں۔
- اپنی شکایت ڈاک میں اس پتے پر بھیجیں:
  - NYC Department of Health and Mental Hygiene’s Chief Privacy Officer at Gotham Center 42-09 28th Street, 14th Floor, CN-30 Queens, NY 11101

NYC Health

# رازداری کے طریقہ کار کے نوٹس کی وصولی کی رسید

اس فارم پر دستخط کرکے اور تاریخ درج کر کے، میں یہ تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ مجھے نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت کے رازداری کے طریقہ کار کے نوٹس کی ایک نقل موصول ہوئی ہے۔

| مریض کا نام (براہِ مہربانی واضح درج کریں) | |
|---|---|
| مریض کے دستخط | تاریخ |

اگر آپ ایک ذاتی نمائندہ ہیں جو کہ مریض کی جگہ یہ فارم پر کر رہے ہیں تو ذیل میں اپنا نام واضح درج کریں۔

| ذاتی نمائندے کا نام (براہِ مہربانی واضح درج کریں) | |
|---|---|
| ذاتی نمائندے کے دستخط | تاریخ |

| صرف دفتری استعمال کے لیے |
|---|
| □ مریض نے دستخط کرنے سے انکار کیا<br>□ مریض دستخط کرنے کے قابل نہیں<br><br>NYC محکمہ صحت کے ملازم کے مختصر دستخط: ________________<br>**تاریخ:** ________________ |

مریض کا اصل ریکارڈ